کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے غیر رجسٹرڈ اور ٹیکس نادہندگان کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کر لیا، ہاؤسنگ سوسائٹیز، کار ڈیلرز، ریسٹورنٹس، و ودہولڈنگ ایجنٹس، نجی سکول کالجز ہسپتال نشانے پر، بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ذرائع کے مطابق بلوچستان ریونیو اتھارٹی ہیڈ کوارٹر کی جانب سے غیر رجسٹرڈ ٹیکس پیئرز کے خلاف کارروائی شروع کی جارہی ہے اور اس ضمن میں مختلف ٹیمیں بھی تشکیل دے دی گئیں ہیں جو ہاؤسنگ سوسائٹیز، کار ڈیلرز، ریسٹورنٹس، و ودہولڈنگ ایجنٹس، نجی اسکول، لا لجز، ہسپتالوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائیں گی اس سلسلے میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ذرائع نے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ ٹیکسز کی وصولی کے لئے نادہندگان کیخلاف کارروائی شروع کر رکھی ہے اور اس ضمن میں کسی سے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی ٹیکسز کی ادائیگی قومی فریضہ ہے یہی ٹیکسز کی مد میں جمع ہونے والی رقم عوامی فلاح وبہبود کے کام پر لگتی ہے لہذا اس سلسلے میں تمام نادہندگان سے اپیل ہے کہ وہ اپنے ذمہ واجب الادا رقم ادا کردیں تاکہ انہیں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔


MASHRIQ QUETTA


## کمشنر کوئٹہ ڈویژن سے پاک پوسٹ کے مینیجر مارکیٹنگ کی ملاقات

**فیصل جہانگیر نے بتایا کہ ملک میں 83 جی پی اوز ڈیجیٹل اور کمپیوٹرائزڈ کر دیا گیا ہے**

کوئٹہ (پ ر) فیصل جہانگیر منیجر مارکیٹنگ پاکستان پوسٹ نے کمشنر کوئٹہ ڈویژن محمد حمزہ شفقات سے ملاقات کی۔ ان کو پاکستان پوسٹ کی مختلف سروسز کے بارے میں آگاہ کیا اس وقت پورے ملک میں 83 جی پی اوز ڈیجیٹل اور کمپیوٹرائزڈ کر دیے گئے ہیں صارفین اپنے گھر میں بیٹھے ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم کے ذریعے بھیجے گئے خطوط کی جگہ کا تعین کر سکیں گے کہ ان کا خط ابھی کہاں پہنچا ہے دور جدید کے حوالے سے پاکستان پوسٹ کی سروسز کو بھی تیز کر دیا گیا ہے ارجنٹ میل سروس کے ذریعے بھیجا گیا خط جہاز کے ذریعے جاتا ہے تاکہ کم وقت میں خط وصول کرنے والوں کو مل جائے۔ صارفین کو ان کی دہلیز پر سروسز مہیا کر رہے ہیں کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں پوسٹ آفس کھولے ہوئے ہیں تمام پوسٹ آفس میں یوٹیلیٹی بل وصول کیے جاتے ہیں. سول سیکرٹریٹ میں بھی پوسٹ آفس موجود ہے اس سہولت کی وجہ سے سیکرٹریٹ کے ملازمین کو دفتر سے باہر نہیں جانا پڑتا اور ان کے تمام خطوط اور یوٹیلٹی بل وغیرہ سیکرٹریٹ کے پوسٹ آفس میں جمع ہو جاتے ہیں کاروباری حضرات کی سہولت کے لیے پاکستان پوسٹ میں کیش ان ڈلیوری اور دی پی پارسل کی سہولت موجود ہے کمشنر کوئٹہ ڈویژن محمد حمزہ شفقات نے پاکستان پوسٹ کی سروسز کو سراہا انہوں نے کہا پاکستان پوسٹ ہمارا قومی ادارہ ہے تمام سرکاری اداروں کو پاکستان پوسٹ کی سروسز سے مستفید ہونا چاہیے کمشنر حمزہ شفقات نے پاکستان پوسٹ اور کمشنر آفس کوئٹہ ڈویژن کے مابین ڈاک بھجوانے کا معاہدہ بھی کیا


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 02 FEB 2025 Page No. 13

## محکمہ زراعت بلوچستان میں 10 کروڑ سے زائد کی مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف

**2022-23 میں ڈی جی زراعت نے ٹریکٹروں کی خریداری کیلئے 100 سے زائد ملین خرچ کئے**

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ زراعت بلوچستان میں گرین ٹریکٹر اسکیم کے تحت 10 کروڑ روپے سے زائد کی مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی سالانہ رپورٹ 2023-24 کے مطابق، محکمے نے ٹریکٹروں کی تقسیم میں قواعد......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

وضوابط کو نظر انداز کرتے ہوئے من پسند افراد کو نوازا، جس سے منصوبے کے مطلوبہ اہداف حاصل نہ ہو سکے رپورٹ کے مطابق، ستمبر 2020 میں شروع کیے گئے اس منصوبے کے لیے اکتوبر 2022 کی تکمیل کی تاریخ مقرر کی گئی تھی، تاہم بے ضابطگیوں کے باعث اسکیم شفاف انداز میں مکمل نہ ہو سکی۔ مالی سال 2022-23 میں ڈی جی زراعت نے 100 ٹریکٹروں کی خریداری کے لیے 100 سے زائد ملین روپے خرچ کیے، مگر ان ٹریکٹروں کی تقسیم میں بڑے پیمانے پر قواعد کی خلاف ورزی کی گئی آڈٹ رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ گرین ٹریکٹر اسکیم کے تحت ایک ہزار کسانوں کو 50 فیصد ادائیگی پر ٹریکٹر فراہم کیے جانے تھے، مگر محکمے نے مطلوبہ معیار کا کوئی خیال نہیں رکھا۔ اسکیم کے لئے مقرر کردہ شرائط پر عمل درآمد کے لئے تمام اضلاع میں کمیٹیاں تشکیل دی گئیں، جن کی نگرانی ڈپٹی کمشنرز کر رہے تھے، لیکن اس کے باوجود ٹریکٹرز کی تقسیم میں غیر شفافیت اور بے ترتیبی دیکھنے میں آئی رپورٹ کے مطابق، ٹریکٹر حاصل کرنے والے افراد کی 5 سے 12 ایکڑ زرعی زمین رکھنے یا کسی بینک سے قرض نہ لینے کی تصدیق تک نہیں کی گئی محکمہ زراعت شرائط پر پورا اترنے والے کسانوں سے متعلق کوئی ثبوت یا دستاویزات پیش کرنے میں ناکام رہا جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اسکیم کو محض سرکاری خزانے کی لوٹ مار کے لئے استعمال کیا گیا آڈٹ رپورٹ میں یہ بھی انکشاف کیا گیا ہے کہ ستمبر 2023 میں یہ معاملہ محکمہ زراعت کے حکام کو رپورٹ کیا گیا، تاہم تا حال کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔ متعدد مرتبہ یاد دہانیاں بھجوائی گئیں، مگر رپورٹ کی اشاعت تک کسی بھی سرکاری عہدیدار نے اس معاملے پر وضاحت نہیں دی آڈٹ رپورٹ میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ ٹریکٹروں کی غیر شفاف تقسیم کے ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور اہلیت کے بغیر ٹریکٹر حاصل کرنے والے افراد کی تفصیلات منظر عام پر لائی جائے بلوچستان کے کسانوں کا حق لوٹنے اور قومی خزانے کو نقصان پہنچانے والوں کو انصاف کے کٹہرے میں لانا ناگزیر ہو چکا ہے۔

## سندھ، لاہور اور بلوچستان ہائیکورٹ سے 3 ججز کا اسلام آباد ہائیکورٹ میں تبادلہ

**لاہور ہائی کورٹ سے جسٹس سرفراز ڈوگر بلوچستان ہائی کورٹ سے جسٹس محمد آصف سندھ ہائی کورٹ سے جسٹس خادم حسین شامل**

**جسٹس محمد آصف حال ہی میں ایڈیشنل جج بنے تھے، جسٹس سرفراز ڈوگر چیف جسٹس عامر فاروق کے بعد سینئر موسٹ جج ہونگے**

اسلام آباد (م ڈ) وفاقی وزارت قانون و انصاف نے ججز کے تبادلوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا نوٹیفکیشن کے مطابق لاہور ہائی کورٹ سے جسٹس سرفراز ڈوگر کا اسلام آباد ہائی کورٹ میں تبادلہ کیا گیا نوٹیفکیشن کے مطابق سندھ ہائی کورٹ سے جسٹس خادم حسین سومرو کا اسلام آباد ہائی کورٹ میں تبادلہ کیا گیا ہے......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

نوٹیفکیشن کے مطابق بلوچستان ہائی کورٹ سے جسٹس محمد آصف کا اسلام آباد ہائی کورٹ میں تبادلہ کیا گیا ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری کی منظوری کے بعد وزارت قانون و انصاف نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا ذرائع کے مطابق جسٹس سرفراز ڈوگر اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق کے بعد سینئر موسٹ جج ہوں ذرائع کا کہنا ہیکہ بلوچستان ہائی کورٹ سے آنے والے جج جسٹس محمد آصف حال ہی میں ایڈیشنل جج بنے تھے جب کہ سندھ ہائی کورٹ کے جج جسٹس خادم حسین سومرو 2 سال پہلے ہائی کورٹ کے جج ذرائع کے مطابق اسلام آباد ہائی کورٹ کی سینیارٹی لسٹ میں جسٹس خادم حسین جسٹس ثمن رفعت سے سینئر ہوں گے۔

INTEKHAB QUETTA

## کوئٹہ، چمن اور لورالائی میں پولیو وائرس کی تصدیق

**ماحولیاتی نمونے 6 جنوری سے 15 جنوری کے دوران حاصل کیے گئے تھے، جن میں پولیو وائرس کی موجودگی پائی گئی**

**عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ انسداد پولیو مہم میں بھرپور تعاون کریں تاکہ وائرس کے پھیلاؤ کو روکا جا سکے، ماہرین صحت**

کوئٹہ (یو این اے) قومی ادارہ صحت کی رپورٹ کے مطابق بلوچستان کے تین اضلاع چمن، لورالائی اور کوئٹہ میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوگئی ہے۔ ماحولیاتی نمونے 6 جنوری سے 15 جنوری کے دوران حاصل کیے گئے تھے، جن میں پولیو وائرس کی موجودگی پائی گئی۔ ماہرین صحت کے مطابق ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق خطرے کی علامت ہے اور بچوں کو اس موذی مرض سے محفوظ رکھنے کے لیے فوری طور پر ویکسینیشن مہم میں بقیہ نمبر 56 صفحہ 5 پر

تیزی لانے کی ضرورت ہے۔ صحت عامہ کے اداروں نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ انسداد پولیو مہم میں بھرپور تعاون کریں تاکہ وائرس کے پھیلاؤ کو روکا جا سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No 3

Dated 02 FEB 2025

Page No. 14

# ملک مجھے ٹھیکے پر دیں ایشین ٹائیگر نہ بنایا تو سیاست ہی چھوڑ دوں گا، محمود خان اچکزئی

جب تک حکمران عدل نہیں کریں گے یہ ملک مزید بحرانوں کا شکار ہوتا رہے گا، قومی کمیٹی کی تشکیل ناگزیر ہے' سربراہ تحریک تحفظ آئین پاکستان

ملک کرپشن میں دھنس رہا ہے ہم سب شیر مادر سمجھ کر لوٹ رہے ہیں پاکستان میں بسنے والی تمام اقوام کے حق کو تسلیم کیا جائے' چیئرمین پشتونخوا میپ

حکمران اپنی عیاشیوں میں مگن غلط پالیسیوں کے باعث پورے ملک کے عوام بالآخر سڑکوں پر نکل آئیں گے' نجی ٹی وی سے گفتگو

کوئٹہ (یو این اے) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ و پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین محمود خان اچکزئی نے کہا ہے ملک کو بحرانوں سے نکالنے کا ایک ہی راستہ ہے قومی کمیٹی تشکیل دی جائے جب تک حکمران........ بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

عدل نہیں کریں گے یہ ملک مزید بحرانوں کا شکار ہوتا رہے گا شہباز شریف میر انیس پاکستان کا غلط وزیر اعظم ہے نااہل حکمران ملک کو گدھ کی طرح نوچ رہے ہیں عمران خان سے ہر اس شخص کو خوف ہے جس نے آئین کو پاؤں تلے روند ڈالا پاکستان زندہ باد اس وقت ہوگا جب دیگر صوبے زندہ باد ہوں گے عوام بھوک اور افلاس سے مر رہے ہیں حکمران اپنی عیاشیوں میں مگن ہیں پارلیمنٹ صرف گناہگاروں کو بچانے کیلئے ہے یہ حکومت آدھا تیتر آدھا بٹیر ہے ملک کرپشن میں دھنس رہا ہے جسے ہم سب شیر مادر کی طرح لوٹ رہے ہیں ملک میں بسنے والے تمام اقوام کے حق کو تسلیم کیا جائے پاکستان تا قیامت چلے گا آئین پاکستان کی دھجیاں اڑائی گئیں کشمیر فاٹا کے غلط انضمام کی قربانی بنا ہے میں چیلنج کرتا ہوں ملک کو میرے حوالے کر دو ٹھیکے پر اگر 20 سالوں میں ایشین ٹائیگر نہ بنایا تو میں سیاست چھوڑ دوں گا پشتون بلوچ کی آبادی پنجاب کے ایک ضلع کے برابر 75 سالوں سے اس ضلع کو نہیں سنبھال سکیں یہ آپ کی نااہلی ہے غلط پالیسیوں کی وجہ سے پورے ملک کے عوام آخر سڑکوں پر آ جائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہی محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ عمران خان کی میں گارنٹی دیتا ہوں اس بات پر مذاکرات حکومت کب کرنا چاہتی ہے

# تیل کی قیمتوں میں اضافہ مسترد حکمران صرف بینک بیلنس کے چکروں میں ہیں، سیاسی جماعتیں

حکومت آئی ایم ایف و دیگر بینکوں سے رقم لیکر ملک کو مزید قرضوں کی زد میں لا رہی اور ہر 15 روز کے بعد پیٹرولیم مصنوعات کی قیتوں میں اضافہ کر رہی ہے

حکومت پیٹرول کی قیمتوں میں کمی کرے ورنہ بھرپور احتجاج پر مجبور ہو جائیں گے' مولانا واسع' مولانا ہدایت الرحمان بلوچ' مولانا عصمت اللہ سالم' حاجی نواز کاکڑ

کوئٹہ (اے این این) سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے وفاقی حکومت کی جانب سے پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک طرف حکومت اربوں روپے مختلف مدات میں خرچ کر رہی ہے دوسری جانب آئی ایم ایف اور مختلف بینکوں سے قرضے وصول کر کے ملک کو مزید قرضوں کی زد میں لا رہی اور ہر 15 روز کے بعد پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر رہی ہے حالانکہ عالمی مارکیٹ میں بھی پیٹرول کی قیمتیں کم ہو رہی ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ حکومت کو عوام کی فکر نہیں بلکہ بینک بیلنس بڑھانے کی چکروں میں ہے حکومت........ بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرول کی قیمتوں میں فوراً کمی کرے ورنہ تمام سیاسی جماعتیں بھرپور احتجاج پر مجبور ہو جائیں گی' یہ بات جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع' جماعت اسلامی کے صوبائی امیر رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ' جمعیت اہلحدیث کے مرکزی رہنما مولانا عصمت اللہ سالم اور سابق صوبائی وزیر حاجی نواز کاکڑ نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک انتہائی مخدوش صورتحال کا سامنا کر رہی ہے چاہے سیاسی صورتحال یا معیشت کی خرابی حکومت ان تمام بحرانوں پر قابو پانے میں مکمل ناکام ہو چکی ہے اپنی ناکامی کا نزلہ عوام پر ڈالنے کیلئے ہر پندرہ دن کے بعد پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر رہی ہے گزشتہ روز ایک بار پھر ڈیزل کی قیمت میں 8 روپے اور پیٹرول کی قیمت میں ایک روپے اضافہ کر دیا جسے ہم مسترد کرتے ہیں کیونکہ یہ سب حکومت کی اپنی ذاتی مفادات کیلئے ہے اگر عوام کی معمول فکر ہوتی تو حکمران عالمی مارکیٹ کے مطابق عوام کو ریلیف دیتے لیکن ریلیف تو کیا عوام پر مزید بوجھ ڈالا جا رہا ہے وقت کا تقاضا ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں ملکر حکومت کی اس عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف سڑکوں پر نکل آئیں۔

# بلوچستان میں حالات خراب، پنجاب پولیس کچے کے ڈاکوؤں کا مقابلہ نہیں کر سکتی، عمر ایوب

پیپلز پارٹی نے پیکا ایکٹ اور ڈیجیٹل نیشن بل کیلئے ووٹ دیا، متنازع قوانین پاس کرنے پر شرم آنی چاہیے، اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی

لوگوں کو ڈنڈے کے زور پر نہ دبائیں، حکمران ہوش کے ناخن لیں، پولیس پی ٹی آئی کارکنوں پر چڑھ دوڑتی ہے، صحافیوں سے گفتگو

لاہور (بیورو رپورٹ) اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی و رہنما تحریک انصاف عمر ایوب نے کہا ہے لوگوں کو ڈنڈے اور گولی کے زور پر نہ دبائیں، اسلام آباد میں بیٹھے حکمران ہوش کے ناخن لیں، لاہور میں عدالت پیشی کے........ بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما عمر ایوب نے کہا پیپلز پارٹی نے پیکا ایکٹ اور ڈیجیٹل نیشن بل کیلئے ووٹ دیا، متنازع قوانین پاس کرنے پر شرم آنی چاہیے، سینٹ اور قومی اسمبلی میں دونوں بلوں کی بھرپور مخالفت کیے جاتے ہیں پاکستان میں جمہوریت اور آزادی اظہار رائے نہ ہو، ملک میں مہنگائی عروج پر ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 3

Dated: 02 FEB 2025 Page No. 15

## کولپور سے ڈیرہ مراد جمالی تک مسافر غیر محفوظ ہیں، نیشنل پارٹی

### جمہوری جدوجہد کرنے والوں کو دیوار سے لگایا جارہا ہے، چنگیز حئی کا اجلاس سے خطاب

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) نیشنل پارٹی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری چنگیز حئی بلوچ ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ بلوچستان سمیت ملک کی سیاسی صورتحال انتہائی پیچیدہ بنادی گئی ہے جمہوری اور مثبت سیاست کرنے والوں کو دیوار سے لگایا جارہا ہے غیر سیاسی لوگوں کو پارلیمان میں مسلط کرکے اسمبلی کو بے توقیر کردیا گیا بلوچ وسائل کی لوٹ مار کیلئے مختلف حربوں کو تیز کرتے ہوئے ریکوڈک، سیندک، گوادر پورٹ سمیت زرخیز اراضی پر قبضے کی سازشیں جاری ہیں جس کے خلاف منظم سیاسی جدوجہد کی ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل پارٹی ضلع کچھی کے اجلاس بنام شہید اکبر بلوچ سے خطاب کرتے ہوئے کیا صدارت ضلعی صدر وڈیرہ بشیر احمد جھلگری نے کی اجلاس میں تنظیمی امور، شہید ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ کی برسی اور علاقائی وسیاسی صورتحال پر بحث کی گئی شرکاء سے وڈیرہ بشیر احمد جھلگری، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری برائے بلوچستان میران بلوچ، صوبائی ورکنگ کمیٹی ممبر حمیدہ فدا، ضلعی جنرل سیکرٹری عبدالستار بنگلزئی، ضلعی صدر نصیرآباد جاگن خان مغیری، عبدالغنی بلوچ، ضلعی نائب صدر امان بلوچ، ضلعی انفارمیشن سیکرٹری عبداللہ بلوچ، ضلعی سوشل میڈیا سیکرٹری خدائے رحیم، ملک اسداللہ بنگلزئی، تحصیل صدر بھاگ وفا مراد سومرو، ریحانہ گسی ودیگر نے بھی خطاب کیا مقررین نے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی سے لیکر کولپور تک نیشنل ہائی وے اور رابطہ سڑکیں غیر محفوظ ہیں آئے روز ڈاکو مسافروں کو لوٹ رہے ہیں شرکاء نے ضلع میں تنظیم کاری کو تیز کرکے تحصیل کابینہ کی تشکیل، 25 فروری کو شہید ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ کی برسی بھاگ ناڑی میں منانے کا فیصلہ کیا شرکاء سے عبدالرزاق پندرانی کامریڈ حاجی خان جھلگری، کامریڈ نکا خان کلواڑ، کامریڈ اسلم بلوچ، طائب امیر پہوڑ، کونسلر ملوک بلوچ، کامریڈ نعیم آزاد، نوید اکبر بلوچ، اشفاق الطاف، نقشبند بلوچ شمن علی پہوڑ نے بھی خطاب کیا۔

## منظم سیاسی جماعت ہی عوام کو قومی غلامی سے نجات دلاسکتی ہے، پشتونخوانیپ

### ایگریکلچر یونیورسٹی کی اراضی پر منظور شدہ پراجیکٹ شروع کیا جائے، ہسپتالوں کو ودیہ کے مطابق فنڈز فراہم کیے جائیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ زیرے نے کہا ہے کہ ایک منظم سیاسی قومی پارٹی ہی اپنے عوام کی قومی غلامی کی نجات کی تحریک کا ہراول دستہ ہوسکتی ہے، پشتونخوانیپ اپنے عوام کی امنگوں اور ملی ارمانوں وقومی اہداف کی تکمیل کیلئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشتونخوانیپ ضلع کوئٹہ لہ ضلعی کمیٹی اور ایگزیکٹوز کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاسوں میں مرکزی سینئر سیکرٹری قادر آغا ایڈووکیٹ، مرکزی سیکرٹری اللہ نور خان، صوبائی سیکرٹری فقیر خوشحال کاسی، صوبائی ایگزیکٹوز رحمت اللہ صابر، عبدالرزاق بڑیچ، علی محمد ترین، سلیمان بازئی، پروفیسر اسد ترین، احسان آغا، ضلع ایگزیکٹوز اور علاقائی سیکرٹریز وعلاقائی سینئر معاون سیکرٹریز سمیت ضلع کمیٹی کے مستقل ارکان نے شرکت کی۔ اجلاس میں گزشتہ تنظیمی کارکردگی کی تفصیلی رپورٹ کا جائزہ اور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے فیصلے کئے گئے جس کے مطابق پشتون ملتپال سیاسی جمہوری پارٹیوں کی مشاورت سے سابق رکن قومی اسمبلی علی وزیر کی مسلسل گرفتاری اور حالیہ دنوں میں انہیں دوبارہ حب میں تھری ایم پی او کے بدنام زمانہ قانون کے تحت گرفتاری کے خلاف احتجاجی تحریک زیر غور لائی گئی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ مادری زبانوں کے عالمی دن 21 فروری کو کوئٹہ سمیت دیگر علاقوں میں ادبی اجتماعات وسیمینار منعقد ہونگے۔ اجلاس میں حکومتی اداروں بالخصوص کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی جانب سے سیٹلائٹ ٹاؤن میں مرحوم عبدالرزاق دوتانی پارک اور دیگر عوامی پارکوں اور کھیلوں کے میدانوں کو بلڈوز کرنے اور ان کی جگہ دکانوں کی تعمیر کے حوالے سے اخبارات میں چھپنے والے ٹینڈرز پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ ایگریکلچر یونیورسٹی بلیلی کے سامنے 129 ایکڑ زمین جو 1991 میں یونیورسٹی کے تعلیمی اور ریسرچ کیلئے تجویز کی گئی تھی بعد میں 2013 میں قبضہ مافیا نے اس زمین پر قبضہ کرنے کی کوشش کی لیکن پارٹی نے عوامی احتجاج کے ذریعے مذکورہ زمین کو قبضہ گروں سے واگزار کرایا اور 2014 میں زرعی یونیورسٹی کے ریسرچ سینٹرز ودیگر لوازمات کیلئے 5 ارب روپے کی خطیر رقم کا پروجیکٹ صوبائی حکومت سے منظور ہوا مگر اب اس زمین کو مختلف اداروں کو کوڑیوں کے دام الاٹ کی جارہی ہے جو عوامی مفاد اور ایگریکلچر یونیورسٹی کے پروجیکٹ کو سبوتاژ کرنے کی ناکام کوشش ہے۔ اجلاس میں مطالبہ کیا گیا کہ ایگریکلچر یونیورسٹی کے سامنے زمین پر یونیورسٹی کیلئے منظور شدہ پروجیکٹ کے تحت ترقیاتی کام شروع کیا جائے۔

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی بیان میں محکمہ صحت کی غفلت اور عوام دشمنی پر مبنی رویئے کی مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ محکمہ صحت نے 25۔2024 کے سالانہ بجٹ کے تحت صوبے کے اکثر ضلعی اور تحصیل ہسپتالوں کو ابھی تک دوائیاں فراہم کرنے کی ذمہ داری پوری نہیں کی جس کی وجہ سے روزانہ ہزاروں غریب عوام کو مشکلات اور مایوسی کا سامنا ہے۔ بیان میں وزیراعلیٰ، چیف سیکرٹری اور محکمہ صحت کے متعلقہ حکام پر زور دیا گیا کہ وہ اس بدترین صورتحال کا فوری نوٹس لیں اور آئندہ کیلئے ہر ضلع کو اپنے کوٹے کے مطابق فنڈ فراہم کریں تاکہ وہ بروقت انکی ضروریات کے مطابق ادویات خود خرید سکیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 02 FEB 2025

Page No. 16


گھناؤنے اور بزدلانہ فعل کے مرتکب عناصر سہولت کاروں اور اسکی حوصلہ افزائی کرنیوالوں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائیگا پاک فوج

# قلات میں دہشتگردوں کا حملہ 18 جوان شہید

## پاک فوج کی کارروائیوں میں 23 دہشتگرد ہلاک

31 جنوری اور یکم فروری کی درمیانی شب دہشتگردوں نے منگوچر کے قریب سڑکیں بلاک کرنا شروع کر دیں دہشتگردوں کا مقصد بلوچستان کے پر امن ماحول کو خراب کرنا اور بے گناہ لوگوں کو نشانہ بنانا تھا

سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں نے بر وقت موقع پر پہنچ کر دہشتگردوں کے منصوبے کو ناکام بنایا اور 12 دہشتگرد ہلاک کر دیئے گئے جبکہ مقامی آبادی کے تحفظ کو یقینی بنایا گیا

آپریشن کے دوران اٹھارہ فوجی اہلکاروں نے بہادری سے لڑتے ہوئے جام نوش کیا، منگوچر کارروائی کے تناظر میں ہرنائی میں کلیئرنس آپریشن کیا گیا جس میں مزید 11 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا

سکیورٹی فورسز دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں پاکستانی فوج بلوچستان میں استحکام اور ترقی کیلئے کام کرتی رہے گی قربانیاں ہمارے بہادر فوجیوں کے ارادے کو مزید مضبوط کریں گی، آئی ایس پی آر

جام شہادت نوش کرنے والے شہدا کو خراج عقیدت، دہشتگرد بلوچستان کے امن و ترقی کے دشمن ہیں، دہشتگردی کی عفریت کے ملک سے مکمل خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے، صدر، وزیراعظم

کوئٹہ/اسلام آباد (سٹی رپورٹر، این این آئی) پاک فوج نے کہا ہے کہ بلوچستان کے ضلع قلات میں دہشتگردوں کے حملے میں اٹھارہ سکیورٹی اہلکار شہید ہو گئے ہیں، دو کارروائیوں کے دوران 23 دہشتگرد مارے گئے جبکہ صدر مملکت آصف علی زرداری،

وزیراعظم شہباز شریف، قائد حزب اختلاف عمر ایوب نے ضلع قلات میں دہشتگرد حملے کی شدید مذمت اور 18 سکیورٹی اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگرد عناصر........ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کا امن خراب کرنا چاہتے ہیں، دہشتگرد بلوچستان کے امن و ترقی کے دشمن ہیں، دہشتگردی کی عفریت کے ملک سے مکمل خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے۔ ہفتہ کو آئی ایس پی آر کے ایک بیان کے مطابق 31 جنوری اور یکم فروری کی درمیانی شب دہشتگردوں نے منگوچر کے قریب سڑکیں بلاک کرنا شروع کر دیں۔ بیان میں کہا گیا کہ دشمن طاقتوں کے کہنے پر دہشتگردوں کے اس ایکشن کا مقصد بلوچستان کے پر امن ماحول کو خراب کرنا اور بنیادی طور پر بے گناہ لوگوں کو نشانہ بنانا تھا، معلومات حاصل ہونے کے بعد سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار موقع پر پہنچنے کی کوشش کر رہے تھے تاکہ دہشتگردوں کے اس منصوبے ناکام بنایا جائے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کارروائی کے دوران بارہ دہشتگرد ہلاک کر دیئے گئے اور مقامی آبادی کے تحفظ کو یقینی بنایا گیا ہے تاہم آپریشن کے دوران اٹھارہ فوجی اہلکاروں نے بہادری سے لڑتے ہوئے جام نوش کیا۔ سکیورٹی اہلکاروں نے ملک کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کیا، آئی ایس پی آر کے مطابق واقعہ کے بعد علاقے میں آپریشن کیا گیا تاکہ دہشتگردی کے سہولت کاروں کو گرفتار کیا جا سکے۔ ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ قلات کے علاقے منگوچر میں ہونے والی کارروائی کے تناظر میں ہرنائی میں کلیئرنس آپریشن کیا گیا جس میں مزید 11 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق گھناؤنے اور بزدلانہ فعل کے مرتکب، سہولت کار، اس کی حوصلہ افزائی کرنے والوں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا، بیان میں کہا گیا کہ پاکستان کے سکیورٹی فورسز قوم کی حمایت سے دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستانی فوج بلوچستان میں استحکام اور ترقی کیلئے کام کرتی رہے گی اور ایسی قربانیاں ہمارے بہادر فوجیوں کے ارادے کو مزید مضبوط کریں گی۔ دریں اثناء صدر مملکت آصف علی زرداری نے ضلع قلات میں دہشتگرد حملے کی شدید مذمت اور 18 سکیورٹی اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگرد عناصر بلوچستان کا امن خراب کرنا چاہتے ہیں، ملک دشمن عناصر کی سرکوبی کی خاطر سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ ایوان صدر سے جاری بیان میں صدر مملکت نے دہشت گردوں کے خلاف بروقت کارروائی کرنے اور جام شہادت نوش کرنے پر شہدا کو خراج عقیدت کیا اور کارروائی کے دوران 12 دہشت گرد جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی اہلکاروں کی بہادری کو سراہا ہے۔ صدر نے شہدا کیلئے بلندی درجات، اہل خانہ کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ دہشتگرد عناصر بلوچستان کا امن خراب کرنا چاہتے ہیں، ملک دشمن عناصر کی سرکوبی کی خاطر سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستانی عوام ملک کا امن خراب کرنے والے عناصر کو مسترد کرتے ہیں، پوری قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ ہے۔ وزیر اعظم آفس سے جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ضلع قلات میں دہشتگرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران سکیورٹی فورسز کے 18 اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے شہدا کی بلندی درجات اور اہل خانہ کیلئے صبر کی دعاء کی۔ شہباز شریف نے کہا کہ مجھ سمیت پوری قوم، دہشتگردوں کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے اور وطن عزیز کے تحفظ کیلئے اپنی جان کی قربانی دینے والے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔ وزیراعظم نے 12 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کے افسران و اہلکاروں کی پزیرائی کی اور کہا کہ دہشتگرد بلوچستان کے امن و ترقی کے دشمن ہیں، دہشتگردی کی عفریت کے ملک سے مکمل خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ مجھ سمیت پوری قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ اپنے بیان میں وزیرداخلہ محسن نقوی نے قلات میں دہشتگردوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے ایف سی بلوچستان کے 18 جوانوں کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ وزیرداخلہ محسن نقوی نے کہا کہ ایف سی بلوچستان کے بہادر سپوتوں نے وطن عزیز کے امن کی خاطر اپنی جانیں قربان کیں، شہید ہونے والے جوانوں کی بہادری پر فخر ہے اور شہدا قوم کے ہیرو ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 02 FEB 2025 Page No. 17


# قلات وبسی میں دھماکے چمن میں ایف سی اہلکار فائرنگ سے شہید دیگر واقعات میں 2 ہلاک 1 زخمی

چمن ماسٹر پلان کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایف سی اہلکار عبدالحکیم شہید حب جام کالونی میں عاشق علی ذاتی دشمنی کی بھینٹ چڑھ گیا

خاران میں فائرنگ سے محمد انیس ہلاک دنادر زخمی قلات پولیس لائن چوکی بسی میں پیٹرول پمپ کے قریب دھماکہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

چمن + قلات (یو این اے + این این آئی + آن لائن) چمن ماسٹر پلان کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایف سی اہلکار عبدالحکیم ولد امیر محمد قوم عشیزئی اچکزئی سکنہ کلی لنڈی کاریز شہید ذرائع کے مطابق شہید اہلکار کی لاش مزید کارروائی کیلئے سول ہسپتال منتقل پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے واقعہ کی تحقیقات کا آغاز......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

کر دیا ہے دریں اثناء این این آئی کے مطابق قلات پولیس لائن چوک کے قریب زوردار دھماکہ تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا پولیس کے مطابق ہفتہ کی رات قلات میں پولیس لائن چوکی کے قریب زوردار دھماکہ ہوا جس سے چوکی کو نقصان پہنچا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا پولیس مزید کارروائی کررہی ہے دریں اثناء این این آئی کے مطابق بی میں پٹرول پمپ کے قریب زوردار دھماکہ، پولیس کے مطابق ہفتہ کی رات بسی چاکر روڈ پر مقامی پمپ کے قریب کریکر کا زوردار دھماکہ تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا دریں اثناء حب سے آن لائن کے مطابق جام کالونی میں فائرنگ سے 1 شخص جاں بحق پولیس کے مطابق حب کے علاقے جام کالونی میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق مقتول کی شناخت عاشق علی کے نام سے ہوئی ہے واقعہ ذاتی دشمنی کا شاخسانہ ہے پولیس کے مطابق مقتول کے بھائی نے کورٹ میرج اور اس پر بھی قاتلانہ حملہ ہوا ہے دریں اثناء یو این اے کے مطابق خاران شہر میں فائرنگ کے دو الگ الگ واقعات میں ایک شخص جاں بحق جبکہ دوسرا شدید زخمی پہلا واقعہ پرانا ہسپتال جوژان روڈ پر پیش آیا جہاں مسلح افراد کی فائرنگ سے نادر یلانزئی شدید زخمی جسے فوری طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کر دیا گیا دوسرا واقعہ خاران۔ کوئٹہ مین روڈ گرڈ اسٹیشن کے قریب پیش آیا، جہاں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے محمد انیس ولد گل محمد موقع پر جاں بحق ہو گیا پولیس نے دونوں واقعات کی تفتیش شروع کر دی جبکہ ملزمان کی گرفتاری کیلئے سرچ آپریشن جاری ہے۔

## درابن، خانوزئی لیویز کی گاڑی پر فائرنگ چار اہلکاروں سمیت پانچ جاں بحق

لیویز اہلکار چوری شدہ ٹرک کی برآمدگی کیلئے جارہے تھے کہ نامعلوم افراد نے گاڑی پر فائرنگ کر دی

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) بلوچستان خانوزئی لیویز فوس کی گاڑی پر ڈی آئی خان کے علاقے میں نامعلوم دہشتگردوں کی فائرنگ چار اہلکاروں سمیت پانچ افراد جاں بحق ہوگئے، اسسٹنٹ کمشنر کاریزت کے مطابق لیویز اہلکار نجی ڈرائیور کے ہمراہ چوری کیے گئے ٹرک کی برآمدگی کیلئے جارہے تھے کہ درابن کے علاقے میں نامعلوم دہشتگردوں نے گاڑی پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں چار لیویز اہلکاروں سمیت پانچ افراد جاں بحق ہوگئے مقامی انتظامیہ نے نامعلوم دہشتگردوں کی تلاش شروع کر دی

## حب میں منشیات کا اسمگلر گرفتار، 08 کلو افیون اور 04 کلوگرام چرس برآمد

کارروائی خفیہ اطلاع پر کی گئی، ملزمان کیخلاف نارکوٹکس ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا

حب (نامہ نگار) پولیس نے ایک کامیاب کارروائی میں منشیات کے اسمگلر کو گرفتار کر کے اعلیٰ کوالٹی کی 08 کلو افیون اور 04 کلوگرام چرس برآمد کرلی۔ پولیس کو اطلاع ملی تھی کہ کوئٹہ کی جانب سے منشیات کی بہت بڑی کھیپ اسمگل کرنے کی کوشش جارہی ہے۔ اس اطلاع پر ایس ایس پی لسبیلہ نے ایس ایچ او اوتھل یار محمد کمانڈو کو زیرو پوائنٹ چیک پوسٹ اوتھل پہنچ کر گاڑیوں کی چیکنگ کا حکم دیا۔ انہوں نے عملے کے ہمراہ چیکنگ کے دوران ایک مشکوک کار کو روکا۔ دریافت پر ڈرائیور نے اپنا نام حمید ولد بشیر جب کہ ساتھ بیٹھے شخص نے اپنا نام افضل ولد الٰہی بخش سکنہ تحصیل پسنی ڈسٹرکٹ گوادر بتلایا۔ تلاشی لینے پر گاڑی کے خفیہ خانوں سے اعلیٰ کوالٹی کی 08 کلوگرام افیون اور 04 کلوگرام چرس برآمد ہوئی۔ پولیس نے منشیات حب و کراچی اسمگل کرنے کی کوشش کو ناکام بنا کر منشیات اسمگلرز کو گرفتار کرلیا۔ اور نارکوٹکس ایکٹ کے تحت مقدمہ درج رجسٹرڈ کر کے مزید تفتیش شروع کردی ہے۔

## جعفر ایکسپریس سے بڑی مقدار میں نان کسٹم پیڈ سامان برآمد

غیر قانونی وینڈر کو گرفتار کر کے تھانہ ریلویز پولیس میں ایف آئی آر درج کرادی گئی

لاہور (بیورو رپورٹ) جعفر ایکسپریس سے بڑی مقدار میں نان کسٹم پیڈ سامان برآمد کرلیا گیا، انچارج سپیشل برانچ لاہور ڈویژن عامر فرید نے دیگر اہلکاروں کے ہمراہ جعفر ایکسپریس پر چھاپہ مارا، امپورٹڈ کاسمیٹکس، موبائل اسیسریز اور 420 پرفیوم کی بوتلیں......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

برآمد ہوئیں، ٹرین میں ڈیوٹی پر موجود ریلوے ملازم کے سامان سے دو درجن امپورٹڈ شیمپو کی بوتلیں بھی برآمد ہوئیں جبکہ بغیر بک شدہ سامان میں چاکلیٹ کے 9 کارٹن شامل تھے، اسپیشل برانچ نے پاکستان ایکسپریس کو بھی چیک کیا اور غیر قانونی وینڈر کو گرفتار کر کے تھانہ ریلویز پولیس وزیرآباد میں ایف آئی آر درج کرادی، برآمد شدہ نان کسٹم پیڈ سامان کسٹم حکام کے حوالے کردیا گیا۔


JANG QUETTA


## قلات اور بسی میں دھماکے

کوئٹہ (این این آئی) قلات میں پولیس لائن کی چوک کے قریب زوردار دھماکہ تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس کے مطابق ہفتہ کی رات قلات میں پولیس لائن کی چوکی کے قریب زوردار دھماکہ ہوا جس سے چوکی کو نقصان پہنچا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس مزید کارروائی کررہی ہے۔ دریں اثناء بسی میں چاکر روڈ پر سیلانی پمپ کے قریب کریک کا زوردار دھماکہ ہوا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور مزید کارروائی شروع کردی۔

## حب، فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

حب (نامہ نگار) حب کے علاقے جام کالونی میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا پولیس کے مطابق مقتول کی شناخت عاشق علی کے نام سے ہوئی واقعہ دشمنی کا شاخسانہ ہے مقتول کے بھائی نے کچھ عرصہ قبل کورٹ میرج کی ہے جس پر ایک بار قاتلانہ حملہ بھی ہو چکا ہے۔

## پنجگور سے نوجوان کی لاش برآمد

پنجگور (این این آئی) پاردان ڈیم سے وشبود کے رہائشی نوجوان طلحہ ولد محمد عالم کی لاش برآمد ہوئی ہے نوجوان جمعہ کی شام اپنی کار میں گھر سے نکلا تھا مقتول کو سر میں گولی مار کر ہلاک کیا گیا۔

## چوروں نے دکان کا صفایا کردیا

آواران (نامہ نگار) مین بازار دلبود کالونی میں گزشتہ شب نامعلوم افراد شٹر توڑ کر دکان سے سگریٹ اور دیگر سامان لوٹ کر فرار ہوگئے۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا کہ قیام امن کو یقینی بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات کیے جائیں۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 02 FEB 2025 Page No. 18


## اسٹیورٹ روڈ بروری گنزہ ویلا بلوچ کالونی و ملحقہ علاقوں میں طویل لوڈشیڈنگ جاری

**معمولات زندگی متاثر، پانی کی قلت پیدا ہوگئی، متعلقہ حکام کو آگاہ کرنے کے باوجود شنوائی نہیں ہورہی، اہل علاقہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اسٹیورٹ روڈ بروری گنزہ ویلا بلوچ کالونی انگیلانی روڈ اور ملحقہ علاقوں میں طویل لوڈ شیڈنگ کے باعث معمولات زندگی متاثر ہورہے ہیں۔ رہائشیوں حاجی یوسف محمد اکرم زبیر احمد منصور شاہ ملک عرفان علی محسن خان ایڈووکیٹ سفیان ملک اور دیگر نے بتایا کہ علاقہ مکین آئے روز کی اعلانیہ و غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے تنگ آچکے ہیں جبکہ وولٹیج میں کمی بیشی سے قیمتی برقی آلات بھی خراب ہورہے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت میں شدید سردی میں بجلی کی کھپت کم ہونے کے باوجود دن بھر بجلی کا غائب رہنا سمجھ سے بالاتر ہے دن کے اوقات میں بجلی نہ ہونے کی وجہ سے فراہمی آب کا سلسلہ بھی کئی روز سے منقطع ہے معمولات زندگی مفلوج ہوچکے ہیں بارہا متعلقہ حکام کو آگاہ کیا گیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی انہوں نے کیسکو چیف سے مطالبہ کیا کہ علاقے میں طویل لوڈ شیڈنگ کا خاتمہ اور وولٹیج میں کمی بیشی دور کی جائے خاص کر صبح کے وقت بجلی کی بلاتعطل پانی کی فراہمی ناگزیر ہے تاکہ پانی کی قلت پیدا نہ ہو اگر ہمارے مطالبے پر عمل نہ کیا گیا تو شدید احتجاج پر مجبور ہوں گے۔

INTEKHAB QUETTA

## قلعہ سیف اللہ، 200 سے زائد سکول اساتذہ نہ ہونے کی وجہ سے بند ہیں

**گزشتہ سال شارٹ لسٹ فہرست آویزاں کرنے کے بعد فائنل لسٹ میں صرف 104 اساتذہ کی تعیناتی کے آرڈر جاری کیے گئے اور 142 کو نظر انداز کیا گیا، شیر زمان و دیگر**

کوئٹہ (آن لائن) قلعہ سیف اللہ محکمہ تعلیم کے متاثرہ امیدواران شیر زمان، رحیم داد نے کہا ہے کہ علاقہ تعلیمی اعتبار سے پسماندہ 200 سے زائد سکول اساتذہ نہ ہونے کی وجہ سے بند ہیں۔ گزشتہ سال دسمبر میں 247 اساتذہ کی اسامیاں اخبارات میں مشتہر کر کے 247 امیدواران کو شارٹ لسٹ کر کے فہرست آویزاں کردی گئی جبکہ فائنل لسٹ میں صرف 104 اساتذہ کی تعیناتی کے آرڈر جاری کیے گئے اور 142 کو نظر انداز کیا گیا جس کی مذمت کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ 142 کی تعیناتی کو یقینی بنایا جائے اگر مسئلہ حل نہ کیا گیا شدید احتجاج اور قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھتے ہیں جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی اس موقع پر عطاء الرحمٰن، ابراہیم، نوراللہ، عمران سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ قلعہ سیف اللہ تعلیمی پسماندگی کے حوالے سے بلوچستان سب سے پیچھے ہے مطالبہ کرتے ہیں کہ مقامی اخبارات میں مشتہر کردہ اسامیوں کے مطابق تعیناتیاں عمل میں لائی جائے ان پر کٹ لگانے کی اجازت نہیں دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جب ہم نے محکمہ تعلیم سے 142 اساتذہ کو نظر انداز کرنے کی وجہ معلوم کی تو انہوں نے خزانہ سے پوسٹیں منظور نہ ہونے کا کہا لیکن جب ہم نے محکمہ خزانہ سے معلومات حاصل کی تو انہوں نے بتایا کہ 246 پوسٹیں منظور ہوچکی ہے لیکن اس کے باوجود 142 اساتذہ کی تعیناتی عمل میں نہ لانا قابل مذمت ہے

## کوئٹہ، ہیئر کٹنگ سیلون اور حجام کی دکانوں میں صفائی کا فقدان

**کٹنگ اور داڑھی بنانے کے من مانے ریٹ مقرر، فیس مساج اور رنگ گورا کرنے کے نام پر مافیا نوجوانوں کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے کا سلسلہ بھی جاری**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ شہر اور گردونواح میں قائم ہیئر کٹنگ سیلون اور حجام کی دکانوں میں صفائی کا فقدان، کٹنگ اور داڑھی بنانے کے من مانے پیسے بٹورنے لگے۔ فیس مساج اور رنگ گورا کرنے کے نام پر مافیا نوجوانوں کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے لگے۔ ضلعی انتظامیہ و دیگر متعلقہ حکام خاموش تماشائی بن گئے ہیں۔ ناقص و غیر معیاری کریموں کے استعمال سے نہ صرف نوجوان نسل کی قدرتی حسن و رنگت خراب ہونے لگی بلکہ مختلف جلدی امراض میں مبتلا ہونے لگے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے جناح روڈ، پرنس روڈ، اسمنگلی روڈ، آغا روڈ، سریاب روڈ، قمبرانی روڈ، کرانی روڈ، ارباب کرم خان روڈ، جوائنٹ روڈ اور دیگر علاقوں میں سینکڑوں ہیئر کٹنگ سیلون اور حجام کی دکانیں قائم کی گئی ہیں جہاں پر بڑی تعداد میں لوگ بالوں کی کٹنگ اور شیو بنوانے آتے ہیں۔ مگران دکانوں میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کا مکمل فقدان ہے۔ ان دکانوں میں لوگوں کو چاند کی طرح چمکتے ہوئے گورے اور سفید رنگت کا جھانسہ دے کر ناقص و غیر معیاری کریم استعمال کیے جاتے ہیں۔ نوجوانوں کا کہنا ہے کہ ناقص کریم استعمال کرنے والے ہیئر کٹنگ اور سیلون مالکان کے خلاف انتظامیہ کی طرف سے کوئی کارروائی نہیں کی جاتی۔ حجام کی دکانوں میں داڑھی اور کٹنگ کرنے کے 500 سے 1000 روپے لئے جاتے ہیں۔ حجام دکانوں کے مالکان کو کوئی پوچھنے والا نہیں ہے اور وہ اپنی من مانی کرتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے بلند و بانگ دعوے تو کیے جاتے ہیں مگر عملی اقدامات کا فقدان ہے۔ کارروائی تو درکنار آج تک کسی ضلعی انتظامی آفیسر نے حجام کی دکانوں میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کا جائزہ لینے کی زحمت نہیں کی۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ و دیگر حکام سے اپیل کی حجام اور کٹنگ کی دکانوں میں صفائی ستھرائی کے معاملات کو بہتر بنانے کیلئے اقدامات اٹھاتے ہوئے سرکاری نرخ مقرر کر کے ان پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 02 FEB 2025 Page No. 20


# Agriculture revival

Governor Balochistan Jaffar Khan Mandokhel has said that despite its vast potential in agriculture and livestock, the entire agricultural sector of Balochistan is stagnant because we have so far failed to formulate a comprehensive strategy based on agribusiness. On the one hand, our landowners are not familiar with modern agricultural methods, and on the other hand, the input of our agricultural experts is also insufficient. He expressed these views while addressing the participants of a consultative session for the promotion of agribusiness held under the auspices of Lasbela University.

Governor Jafar Mandokhel said that by 2050, Pakistan will become the third most populous country in the world. In this regard, we will have to plan wisely, keeping in mind our current and near future food needs. Unfortunately, we are still dependent on other countries for quality seeds.

The need of the hour is that we should take revolutionary steps in both sectors to develop the agriculture and livestock sectors on modern lines. No doubt the governor of Balochistan has rightly pointed out the miseries of the agriculture sector in Balochistan.

Water scarcity, outdated farming practices, and a glaring lack of investment in research and development, has crippled the province's agriculture. One of the most pressing issues is the chronic water shortage. Balochistan is an arid region, heavily reliant on groundwater, which is rapidly depleting due to unsustainable extraction practices and climate change. While innovative irrigation techniques like drip irrigation and water harvesting have proven successful in other arid regions, their adoption in Balochistan remains limited due to lack of awareness, high initial costs, and insufficient government support.

Many farmers still use traditional flood irrigation, a highly inefficient method that wastes precious water resources. They also lack access to modern agricultural inputs, such as high-yielding seeds, fertilizers, and pesticides, which could significantly improve productivity. Agricultural research institutions in the province are underfunded. There is a dire need for research focused on drought-resistant crops, water-efficient irrigation techniques, and integrated pest management strategies. The consequences of this agricultural decline are far-reaching. Food insecurity is on the rise, with the province increasingly dependent on imports from other regions. Farmers are struggling to make ends meet, forcing many to abandon their land and migrate to urban areas in search of alternative livelihoods. This rural exodus contributes to social instability and exacerbates the already strained resources of urban centers. It is hoped that the provincial government will pay serious attention towards improving the agriculture sector and equipping it with all modern needs and requirements. Similarly, all agriculture research centers will be made fully functional and they should be tasked to help local farmers.

CamScanner